علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

کلیہ عربی وعلومِ اسلامیہ

(شعبہ مطالعات بین المذاہب)

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کرلیں کہ: 1۔ اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یاڈگری سے محروم ہوسکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔   2۔ کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری Plagiarism" پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس: اسلام اور انسانی حقوق (4952) **سمسٹر: بہار، 2026ء**

سطح: بی ایس علومِ اسلامیہ

ہدایت نامہ برائے طلبہ

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے

1- تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ ہر سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2- سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔

3- ہاتھ سے تحریر شدہ سکین (Scanned) امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔

4- ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (Word یا PDF فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اَپ لوڈ کریں۔

5- مقررہ تاریخ کے بعد / تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اَپ لوڈ نہ ہو سکیں گی جس کی تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہو گی۔

6- آپ کے تجرباتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

7- غیر متعلقہ بحث / معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:50

امتحانی مشق نمبر1

(یونٹ نمبر:1-4)

سوال نمبر1 قرآن کی روشنی میں انسان کے اعزاز وافتخار اور تسخیر کائنات پر مضمون لکھیں۔ (20)

سوال نمبر2 اسلام میں جان کی قدر وقیمت پر مفصل روشنی ڈالیں۔ (20)

سوال نمبر3 شریعت کے بنیادی مقاصد بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر4 سرمائے سے کیا مراد ہے؟ نیز سرمائے کی گردش اور سرمایہ بطور نعمت پر نوٹ لکھیں۔ (20)

سوال نمبر5 قرآن وحدیث کی روشنی میں غصب شدہ مال کی مذمت واضح کریں۔ (20)

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:50

امتحانی مشق نمبر2

(یونٹ نمبر:5-9)

سوال نمبر1 شریعت اور عصمت کی پاسداری پر مضمون لکھیں۔ (20)

سوال نمبر2 عہد فاروقی اور عہد عثمانی میں غیر مسلموں کے حقوق کے تحفظ کے حوالے سے کیے گئے اقدامات پر روشنی ڈالیں۔ (20)

سوال نمبر3 انبیائے کرام علیہم السلام کی دعوت دین کے مختلف مناہج بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر4 اسلام میں عقل کے اثرات پر مفصل مضمون لکھیں۔ (20)

سوال نمبر5 تعلیمات اسلامی کی روشنی میں دستور پاکستان میں بنیادی انسانی حقوق بیان کریں۔ (20)